لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۳۴ھ مطابق ۲ جولائی ۱۹۱۶ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	یکجائی حسابات سر انجام	۱
۲	خطاب بہادری بہ میجر حبیب محمد خان صاحب بہادر	۲
۳	مستقلی آنریری بنچ مجسٹریٹ صاحبان	〃
۴	رخصت حبیب شاہ خان صاحب تحصیلدار	〃
۵	نقشہ جات بارش و نرخ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقعہ ۲۸ جون ۱۹۱۶ء

رپورٹ مفصل دیوان صدر سے واضح ہوا کہ ۳۰ ستمبر ۱۹۱۶ء کی آخر تاریخ تکمیل ہے۔ ایسی حالت میں ابکی بار سالانہ کے حسابات ۲۵ ستمبر ۱۹۱۶ء سے قبل مجرا و صاف ہو جانا چاہئیں۔ ۲۵ ستمبر کے بعد پھر کوئی حساب خرچ میں نہ لیا جائے احکام اطلاعی جاری ہوں اور رپورٹ دیوان صدر و نقل حکم ہذا درج گزٹ ہو

دستخط [illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میر سامنہ

جناب عالی

نقشۂ تعطیلات کے معائنہ سے واضح ہوا کہ امسال ۲۶ر ستمبر سے ۳۰ر ستمبر تک تعطیلات عید الضحیٰ ہیں اور ۱۵ر اکتوبر سے تعطیلات شروع ہو کر آخر اکتوبر تک عشرۂ محرم کی تعطیلات رہینگی۔ چونکہ عین وقت سالتمام حسابی پر تعطیلات عشرۂ محرم آ گئی ہیں۔ جن میں کوئی کام سالتمام کے متعلق نہیں ہو سکتا ہی اسلیے اگر مناسب پائے جائیں آراے بندگان حضور انور ہو تو ایسا انتظام فرمادیا جاوے کہ جملہ صیغہ جات اور محکمہ جات خصوصًا آمیرات۔ اسٹیٹ فیکٹریز و کارخانجات متعلق ذات خاص سے آخر اگست تک کے جمع خرچ ہائے مصارف مکمل و مرتب ہو کر داخل ہو جاویں۔ اور بقیہ ایام پر جانچ کمیٹی و جانچ آڈٹ سے نکل کر ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء تک احکام مجرائی صادر ہو جاویں۔ تاکہ ۱۴ر اکتوبر تک حساب سالتمام بند کر دیا جاوے۔ اور یہ بھی اجلاس اقدس پر پوشیدہ نرہے۔ کہ ماہ جون قریب الاختتام ہی گویا نو ماہ ختم ہو چکے ہیں لیکن جمع خرچ ہائے مصارف کا اسوقت تک صدور و ورود بہت کم ہے جس سے پایا جاتا ہے کہ امسال حسابات کارخانجات بہت زیادہ تعداد میں آنیوالے باقی ہیں۔ آیندہ جو حکم عالی ہو اولی والنسب ہے۔ زیادہ حد ادب دولت جاوید باد۔

عرضی

فدوی حسن زاده ... دولۃ القدر

معروضہ ۲۷ر جون سنہ ۱۹۱۵ء

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشا اجلاس ہمایون بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع تاریخ ۳۰ر جون سنہ ۱۹۱۵ء

حسب ملاحظہ چٹھی صاحب انسپکٹنگ افسر بہادر امپیریل سروس انفنٹری مورخہ ۲۳ر جون سنہ ۱۹۱۵ء معلوم ہوا۔ کہ بنظر انجام دہی خدمات پسندیدہ بمقام میدان جنگ میجر عبد الکریم خان کمانڈنگ افسر رامپور امپیریل سروس انفنٹری کو ہز ایکسلنسی نواب گورنر جنرل بہادر کشور ہند نے دوسرے کلاس کا تمغہ آرڈر آف برٹش انڈیا معہ خطاب بہادری مرحمت فرمانا منظور فرمایا ہے اسلئے ما بدولت واقبال منظور فرماتے ہیں۔ کہ آیندہ جملہ تحریرات سرکاری میں میجر عبد الکریم خان کے نام کے بعد لفظ "بہادر" تحریر ہوا کرے۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل روبکار ہذا کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ انفنٹری فورسیز کے پاس اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ فقط صحیح

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مستقلی

۳۰ر جون سنہ ۱۹۱۵ء

حسب عرضداشت صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر بوجہ انقضائے خدمت مستقلی شش ماہ احکام مستقلی آنریری ایچ مجسٹریٹ صاحبان جاری فرمائے گئے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۶ر جون سنہ ۱۹۱۵ء

رخصت ایک ہفتہ مطلوبہ منشی حبیب شاہ خان تحصیلدار سابق معتمد حاکم صاحب صدر بوجہ علالت منظور کی گئی۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ ؍ جون ۱۹۱۷ء لغایت ۲۸ ؍ جون ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۲ ؍ جون ۱۹۱۷ء یوم جمعہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۳ ؍ ؍ ؍ شنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۴ ؍ ؍ ؍ یکشنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۵ ؍ ؍ ؍ دوشنبہ	۰	۸	۰	۲۸	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۶ ؍ ؍ ؍ سہ شنبہ	۰	۸	۷	۳۵	۰	۵۱	۰	۱۰	۰	۱۳	۰	۲۳
۲۷ ؍ ؍ ؍ چہارشنبہ	۰	۸	۰	۳۵	۱۱	۶۲	۰	۱۰		۱۳	۰	۲۳
۲۸ ؍ ؍ ؍ پنجشنبہ	۰	۸			۰	۶۲						

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۴ ؍ جون ۱۹۱۷ء لغایت ۳۰ ؍ جون ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰؍۷		۱۰؍۹	۱۰؍۱۰	۱۰؍۱۱	۱۰؍۹	
نخود خالص	۱۰؍۱۱		۱۲؍	۱۳؍	۱۰؍۱۱	۱۳؍	
نخود کراینر	۱۲؍		۱۳؍	۱۰؍۱۵	۱۵؍	۱۳؍	
[illegible]	۱۰؍۳		۱۴؍	۱۴؍	۱۴؍	۱۴؍	
ماش	۱۰؍		۸؍	۰	۱۰؍۵	۱۰؍	
مونگ	۱۰؍۸		۸؍	۰	۱۰؍۷	۸؍	
مکا	۱۲؍		۱۲؍	۰	۱۶؍	۰	
جئی	۱۳؍		۱۳؍	۱۶؍	۱۵؍	۱۱؍	
کوجئی	۰		۱۲؍	۱۲؍	۰	۱۲؍	
عدس	۱۰؍۹		۱۰؍	۱۰؍	۱۰؍	۹؍	
ارہر	۱۲؍		۱۵؍	۰	۱۴؍	۱۵؍	
برنج	۶؍		۷؍	۶؍	۷؍	۶؍	
روغن زرد	۰؍		۰؍؍	۰؍؍	۰؍؍	۰؍؍	
روغن سیاہ	۲؍		۲؍	۲؍	۲؍	۲؍	
روغن کنجد	۱؍		۱؍	۱؍	۱؍	۱؍	
نمک لاہوری	۶؍		۷؍	۸؍	۱۱؍	۹؍	
نمک سانبھر	۱۰؍		۱۴؍	۱۱؍	۱۳؍	۱۴؍	
قند سیاہ	۴؍		۴؍	۳؍	۴؍	۴؍	
باجرہ	۸؍		۰	۰	۱۲؍	۰	

(اسسٹنٹ پریس رامپور)